RAHBAR INTERNATIONAL
Post Date: December 21, 2025
PDF Created On: Wed, Mar 25 2026 10:17:17 am

زرعی یونیورسٹی ملتان میں ورلڈ فشریز ڈے سیمینار کا انعقاد

,Green Pakistan - پاکستان گرین,Snippets

ملتان.محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں ڈیپارٹمنٹ آف ذوالوجی کے زیر اہتمام ورلڈ فشریز ڈے کی مناسبت سے چھوٹا موٹا سیمینار کا انعقاد کیا گیا

rki.news

ڈائریکٹوریٹ آف پبلک ریلیشن زرعی یونیورسٹی ملتان
پریس ریلیز 21دسمبر 2025
ملتان محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں ڈیپارٹمنٹ اف ذوالوجی کے زیر اہتمام ورلڈ فشریز ڈے کی مناسبت سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔کرنٹ سیمینار کا بنیادی مقصد صحت مند سمندری ماحولیاتی حیاتیات نظام اور پائیدار مچھلی کے ذخائر کے بارے میں اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی (تمغہ امتیاز) نے اس بات پر زور دیا کہ مچھلی مستقبل کا بہترین پروٹین کا ذریعہ ہے نہایت معیاری آسانی سے ہضم ہونے والی غذا اور ضروری امائنو ایسڈ سے بھرپور ہے۔انہوں نے اس عمل پر افسوس کا اظہار کیا کہ پاکستان میں فی کس مچھلی کا استعمال نہایت کم ہے اور ہمیں اجتماعی کوششوں کے ذریعے مچھلی کو گھریلو غذا کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ڈائریکٹر فشریز ساؤتھ پنجاب ڈاکٹر ریاض الدین قریشی اور ڈاکٹر ناہید بانو نے فشریز اور ماحولیات کے حوالے سے مزید اس کی اہمیت کو اجاگر کیا اور اپنے ماحول کو صاف رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔اس موقع پر بچوں نے خاکے پیش کرنے کے علاوہ ماڈلز بھی تیار کیے جو سب کی توجہ کا مرکز تھے۔طلبہ و طالبات کی کاوشوں کو خوب سراہا گیا۔تقریب کے اختتام پر آگاہی واک کا اہتمام بھی کیا گیا جس کا مقصد پانی کے اندر زندگی کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔
ریاض احمد ہراج
ترجمان زرعی یونیورسٹی ملتان

Post Date: December 21, 2025 PDF Created On: Wed, Mar 25 2026 10:17:17 am

---

[Read This Post On RKI Website]